# شرائط نیلامی لیز/پٹہ شکار ماہی/ماہی پروری
# برائے سال 22-2021 تا 24-2023

1. لیز (Lease)/ پٹہ کی معیاد برائے شکار ماہی تاریخ اجراء لائسنس تا 31 اگست 2024ء ہوگی ماسوائے گورنمنٹ فش فارم فش نرسنگ پانڈز ر یونٹس/سمال ڈیمز جن کے لئے معیاد (یکم جنوری 2022 کے بعد) تاریخ اجراء لائسنس تا 31 دسمبر 2024 تین سال تصور ہوگی۔

2. ڈائریکٹر جنرل فشریز پنجاب و دیگر مجاز افسران، پنجاب فشریز آرڈیننس 1961ء و فشریز رولز 1965ء (وقتاً فوقتاً ترمیم شدہ) اور پنجاب ڈیلیگیشن آف فنانشیل پاور رولز 2016ء کے مطابق لیز/ پٹہ کی منظوری کے مجاز ہوں گے تاہم سب سے زیادہ بولی دہندہ لیز/ پٹہ کی منظوری تک اپنی بولی کا پابند ہوگا۔ سرکاری بولی سے کم بولی کی صورت میں مجاز اتھارٹی متعلقہ سرکاری پانی/گورنمنٹ فش فارم فش نرسنگ پانڈز/ یونٹس/ سمال ڈیمز کو محکمانہ طور پر ریزرو کر سکتی ہے بصورت دیگر پنجاب ڈیلیگیشن آف فنانشیل پاورز رولز 2016ء کے تحت سپیشل کمیٹی، ایڈمنسٹریٹوڈ یپارٹمنٹ کو سرکاری پانی کی بولی کی منظوری کے لیے سفارش کرے گی۔ تاہم بولی کی منظوری میں تاخیر کی صورت میں محکمہ پر قطعاً کوئی ذمہ داری عائد نہ ہوگی نیز بولی دہندہ محکمہ سے کسی قسم کا ہرجانہ طلب کرنے یا معیاد لیز/ پٹہ بڑھانے کا مطالبہ کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

3. بولی دہندہ کو نیلامی میں حصہ لینے کے لئے متعلقہ پانی/فش نرسنگ پانڈ/ یونٹ/ فارم/ سمال ڈیمز کی ریزرو پرائس/سرکاری بولی 20% بطور زر بیعانہ نقد/ بینک ڈرافٹ/ پے آرڈر یا کیش ڈیپازٹ رسید (CDR) نیلامی سے قبل آفیسر نیلام کنندہ کو جمع کروانا ہوگی جو کہ نیلامی ختم ہونے کے بعد باخذ رسید واپس کر دی جائے گی۔ ماسوائے اس بولی دہندہ کے جس کے حق میں بولی ختم ہوگی، اس صورت میں سکیورٹی کی رقم، پٹہ کی رقم میں شامل کر لیجائیگی۔ مزید برآں دورانِ نیلامی، بولی کی رقم سرکاری بولی سے دوگنا یا زائد بڑھنے کی صورت میں، آفیسر نیلام کنندہ بولی دھندگان سے برموقع سکیورٹی کی رقم بحساب 20% مزید وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔

4. تاہم فش نرسنگ پانڈ/ یونٹ/ فارم جس پر ٹیوب ویل/ٹربائن نصب ہوگی کا کامیاب بولی دہندہ بولی کی کل رقم کے علاوہ سالِ رواں کے ماہ مئی جون اور جولائی (تین ماہ) کے کل بل بجلی کے برابر زر ضمانت (قابل واپسی) بصورت بینک ڈرافٹ/ پے آرڈر/ CDR بحق آفیسر نیلام کنندہ جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ مزید یہ کہ دوران عرصہ لیز/ پٹہ بل بجلی سمیت تمام واجبات ٹھیکیدار/ پٹہ دار خود ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ ٹھیکہ کے اختتام پر ضلعی آفیسر فشریز ٹھیکیدار/ پٹہ دار کی طرف سے تمام واجبات کی ادائیگی کے بعد زر ضمانت واپس کرنے کا پابند ہوگا۔

5. سب سے زیادہ بولی دہندہ کو بولی کے اختتام پر کل رقم نقد یا بینک ڈرافٹ/ پے آرڈر یا کیش ڈیپازٹ رسید (CDR) کی صورت میں ادا کرنا ہوگی۔ تاہم بیس لاکھ روپے یا اس سے زائد بولی کی صورت میں کل رقم کا 1/2 حصہ نقد یا بینک ڈرافٹ/ پے آرڈر یا کیش ڈیپازٹ رسید (CDR) بولی کے اختتام پر بولی دہندہ کو بقیہ رقم بولی تحریری درخواست پر آفیسر نیلام کنندہ سے منظوری لے کر بولی کی تاریخ سے پانچ ورکنگ ایام میں ادا کرنا ہوگی بصورتِ دیگر ضابطے کی کاروائی کے بعد اس کی بولی منسوخ کر کے جمع شدہ رقم بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی اور ٹھیکہ/ پٹہ دوبارہ نیلام کر دیا جائے گا۔

SENIOR ECONOMIST
FISHERIES DEPARTMENT
PUNJAB, LAHORE.

6. سب سے زیادہ بولی دہندہ سے وصول شدہ رقم (نقد یا بینک ڈرافٹ/ پے آرڈر یا کیش ڈیپازٹ رسید (CDR) ڈائریکٹر جنرل فشریز پنجاب و دیگر مجاز افسران کی جانب سے بولی کی حتمی منظوری تک بطور امانت تصور ہوگی نیز بولی دہندہ کو امانت میں جمع شدہ رقم کے عوض کسی منافع کا حق حاصل نہ ہوگا اور بولی نامنظور ہونے پر جمع شدہ رقم متعلقہ بولی دہندہ کو اسکی تحریری درخواست پر واپس کر دی جائے گی۔

7. بولی کے اختتام پر کامیاب بولی دہندہ رقم نیلامی پر مروجہ شرح سے انکم ٹیکس و دیگر ٹیکس دینے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگر ٹھیکہ کی جمع شدہ رقم ضبط کر کے مذکورہ پانی دوبارہ نیلام کر دیا جائے گا۔ ٹیکس کی رقم 10 ہزار روپے یا اس سے زائد ہو تو صرف بینک ڈرافٹ/ پے آرڈر/ کیش ڈیپازٹ رسید (CDR) کی صورت میں ہی قبول کی جائے گی۔

8. آفیسر نیلام کنندہ بولی دہندہ کی طرف سے دیئے گئے بینک ڈرافٹ، پے آرڈر یا کیش ڈیپارٹ رسید (CDR) کو متعلقہ بینک سے تصدیق کروانے کا پابند ہوگا۔ اور اس کے بوگس/ جعلی ہونے کی صورت میں بولی دہندہ کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

Scanned with CamScanner

9. ڈائریکٹر جنرل فشریز پنجاب کسی بھی منحرف بولی دہندہ یا دیگر نا دہندگان کی جمع شدہ رقم بحق سرکار ضبط کرنے اور تین سال تک کسی بھی محکمانہ بولی میں حصہ لینے سے Debar کرنے کا مجاز ہوگا۔ مزید برآں اُنہیں بلیک لسٹ بھی کیا جا سکتا ہے۔

10. سب سے زیادہ بولی دہندہ اپنی بولی کا تا منظوری لیز / پٹہ پابند ہوگا۔ تاہم حتمی منظوری سے پہلے کوئی بھی شخص جو سابقہ نیلامی میں موجود نہ ہو، آخری بولی کی رقم بمعہ 25% اضافی رقم یعنی کل پیشکش کردہ رقم کا بینک ڈرافٹ / پے آرڈر / یا کیش ڈیپازٹ رسید (CDR) بحق متعلقہ آفیسر نیلام کنندہ دوبارہ نیلامی کے انعقاد کے لیے مجاز آفیسر کو درخواست کر سکتا ہے تاہم دیگر بولی دینے کے خواہش مند حضرات بھی پیشکش دہندہ کے مساوی رقم جمع کروا کر حصہ لینے کے مجاز ہوں گے۔ واضح رہے کہ پیشکش دہندہ اگر نیلامی میں حصہ نہیں لیتا تو کاروائی نیلامی روکی نہیں جائے گی اور اُس کی پیشکش کردہ رقم اس کی بولی تصور ہوگی۔ ناکام بولی دہندگان کی رقم بر موقع واپس کر دی جائے گی۔ جبکہ سب سے زیادہ بولی دہندہ کی رقم لیز / پٹہ کی رقم میں شامل کر لی جائے گی۔

SENIOR ECONOMIST
FISHERIES DEPARTMENT
PUNJAB, LAHORE.

11. محکمہ فشریز پنجاب یا گورنمنٹ کے کسی قسم کے بقایا دار / Debarred / بلیک لسٹ ٹھیکہ دار / پٹہ دار یا وہ فرد جو سال رواں یا سابقہ پانچ سالوں میں کسی لیز / پٹہ میں بولی سے منحرف یا رقم جمع کروانے سے قاصر رہا ہو وہ بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا۔

12. ٹھیکہ دار / پٹہ دار، اپنا معاہدہ نامہ / پٹہ نامہ / اقرار نامہ متعلقہ آفیسر نیلام کنندہ (نمائندہ ڈائریکٹر جنرل فشریز پنجاب) کو پیش کر کے لائسنس پٹہ اور پرمٹ حاصل کرنے کا خود ذمہ دار ہوگا۔ تاخیر و دیگر نتائج کی تمام تر ذمہ داری پٹہ دار پر عائد ہوگی۔

13. نیلام شدہ گورنمنٹ فش فارم / فش نرسنگ پانڈز / یونٹس پر موجود سرکاری املاک اور بجلی کی تنصیبات یعنی ٹرانسفارمر، ٹیوب ویل، ٹربائن، زمین دوز پائپ، عمارات و اشجار کی فہرست ٹھیکیدار / پٹہ دار کو منظوری کے ساتھ فراہم کی جائے گی جن کی حفاظت و مرمت درست حالت میں رکھنا ٹھیکیدار / پٹہ دار کی ذمہ داری ہوگی۔ اور وہ ٹھیکہ کے اختتام پر انہیں چالو حالت میں واپس کرنے کا پابند ہوگا۔

14. پنجاب فشریز آرڈیننس / فشریز رولز اور شرائط نیلامی کی خلاف ورزی و تمام تر ممنوعہ طریقہ ہائے فشنگ بشمول الیکٹرک فشنگ وز ہر پاشی، دھماکہ خیز مواد، وغیرہ استعمال کرنے پر ڈائریکٹر جنرل فشریز کو حق حاصل ہوگا کہ وہ پٹہ و تمام جاری شدہ پرمٹ منسوخ کر کے تمام جمع شدہ رقم اور زرضمانت بحق سرکار ضبط کر کے لیز / پٹہ دوبارہ نیلام کر دے۔

15. ٹھیکہ دار / پٹہ دار (Lessee) کو حق حاصل نہ ہوگا کہ وہ نیلام شدہ پانی کلیتاً یا ٹکڑے ٹکڑے کر کے اپنے طور پر نیلام کرے یا کسی اور کو منتقل کرے گورنمنٹ فش فارم / فش نرسنگ پانڈز / یونٹس پر بھی ایسا اقدام غیر قانونی تصور ہوگا۔ جس پر قصوروار کے خلاف محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

16. محکمہ فشریز کی طرف سے مروجہ قوانین کے تحت جاری شدہ یومیہ یا صوبائی لائسنس بنسی ڈوری رکھنے والوں کو ٹھیکہ دار / پٹہ دار نیلام شدہ پانی (ماسوائے فش نرسری / پانڈ / یونٹ / فارم اور سمال ڈیم / confined water) میں شکار سے روکنے کا مجاز نہ ہوگا۔

17. شکار ماہی کے لیے جو بھی جال استعمال ہوگا اسکی آنکھ کا گھیرہ گرہ سے گرہ تک ڈیڑھ انچ اور کُل گھیرہ (6) انچ سے کم نہ ہوگا۔ تاہم نائیلون لر پٹی کا استعمال ممنوع ہے۔ خلاف ورزی پر متعلقہ افسر لیز / پٹہ کی منسوخی کیلئے کاروائی کا مجاز ہوگا۔

18. کسی بھی دریا کے پل / اریگیشن ہائیڈرالک سٹرکچر سے سو گز اندر جال ڈالنا اور پنجاب فشریز رولز 1965ء میں درج شدہ ممنوعہ علاقوں میں شکار ماہی ممنوع ہے۔

19. ٹھیکیدار / پٹہ دار (Lessee) جس وقت عملی طور پر مہا جال سے شکار کر رہا ہو صرف اُسی وقت وہ وہاں پر باندھا لگانے کا مجاز ہوگا۔ اس کے علاوہ کسی بھی جگہ مستقل باندھا لگانا خلاف قانون ہوگا۔

20. بندی کے موسم (یکم جون تا 31 آگست) میں پنجاب فشریز آرڈیننس 1961 / اور فشریز رولز 1965 (وقتاً فوقتاً ترمیم شدہ) کے تحت شکار ماہی ماسوائے بنسی ڈوری / کنڈی اور لنگ، ممنوع ہوگا۔

Scanned with CamScanner

21. لیز/پٹہ حقوق شکار ماہی "جہاں ہے جیسے ہے" کی بنیاد پر ہوگا۔ ٹھیکیدار کی ذاتی کوتاہی، پرائیویٹ فرد/افراد یا کسی سرکاری ادارہ کی طرف سے دفاعی مقاصد/قدرتی آفات/ہنگامی حالات/موسمی حالات یا کسی بھی وجہ سے پانی یا شکار میں کمی وبیشی کا محکمہ ماہی پروری پنجاب ذمہ دار نہ ہوگا۔

22. ٹھیکہ دار/پٹہ دار اگر چاہے تو اپنی گرہ/جیب سے نیلام شدہ پانی میں مقامی طور پر پائی جانے والی مچھلی کی اقسام (Indigenous Fish Species) کا بچہ مچھلی سٹاک کرسکتا ہے۔ تاہم سال ڈیمز میں گوشت خور مچھلی کا پونگ ڈالنا ممنوع ہوگا۔

23. ٹھیکیدار/پٹہ دار، محکمہ فشریز سے NOC لینے والے Cage culturist کو نیلام شدہ سرکاری پانی کے مختص ایریا میں Cage لگانے سے روکنے کا مجاز نہ ہوگا۔

24 ٹھیکیدار/پٹہ دار گورنمنٹ فش فارم/فش نرسنگ پانڈز/یونٹس صرف اور صرف ماہی پروری کیلئے استعمال کرے گا، دیگر کسی بھی مقصد کیلئے قطعی طور پر استعمال کی اجازت نہ ہوگی۔ مزید براں گورنمنٹ فش فارم/فش نرسنگ پانڈز/یونٹس میں موجود تالابوں کی حدود یا ڈیزائن میں تبدیلی کا مجاز نہ ہوگا اور اضافی سہولت کی تعمیر کے بارے میں محکمہ سے اجازت کا پابند ہوگا۔

25 ماہی پروری میں اضافہ کی غرض سے ٹھیکیدار/پٹہ دار کی طرف سے گورنمنٹ فش فارم/فش نرسنگ پانڈز/یونٹس پر بنائی گئی یا مہیا کی گئی اضافی سہولت ٹھیکہ کی معیاد ختم ہونے پر سرکاری املاک تصور ہوگی اور ٹھیکیدار/پٹہ دار کسی قسم کے اخراجات کا کلیم کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ گورنمنٹ فش فارم/فش نرسنگ پانڈز/یونٹس پر موجود عمارات کی سالانہ بنیاد پر مرمت/سفیدی ٹھیکیدار/پٹہ دار کے ذمہ ہوگی۔

26. کسی تنازعہ کی صورت میں ڈائریکٹر جنرل فشریز پنجاب کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

SENIOR ECONOMIST
FISHERIES DEPARTMENT
PUNJAB, LAHORE.

ڈائریکٹر جنرل فشریز پنجاب

میں نے جملہ شرائط نیلامی لیز/پٹہ عوام الناس کی موجودگی میں پڑھ/سُن لی ہیں۔ اور ان کو قبول کر کے بولی میں حصہ لیا ہے۔

| نمبر شمار | نام و پتہ بولی دہندہ | شناختی کارڈ نمبر | دستخط/نشان انگوٹھا بولی دہندہ/پٹہ دار |
|---|---|---|---|

دستخط تصدیق کنندہ

اسسٹنٹ وارڈن فشریز، ضلع ______________

نام و دستخط آفیسر نیلام کنندہ

Scanned with CamScanner